# 22-01-2026  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔مرکزی وزیر کوئلہ و کانکنی کشن ریڈی نے الزام لگایا ہے کہ ریاستی حکومت کی پالیسیوں کی وجہ سے سنگارینی کمپنی نقصانات سے دوچار ہورہی ہےاور کانوں کی نیلامی میں غیر یقینی صورتحال پیدا ہورہی ہے۔

۲۔سال 2015 میں وزیرِ اعظم نریندر مودی کے آغاز کردہ اس پلیٹ فارم نے حکمرانی کے نظام میں نمایاں تبدیلی لائی ہے۔ پراگتی کے ذریعے اہم بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں اورعوامی شکایات کی براہِ راست وزیرِ اعظم سطح پرنگرانی اورفوری حل ممکن ہوا ہے۔

۳۔گورنر جشنو دیو ورما نے کہا ہے کہ یوگا، سوچھ بھارت جیسے موضوعات کوعوامی تحریکوں میں تبدیل کرنے اور پالیسی فیصلوں کوقومی و بین الاقوامی سطح پرشناخت دلانے کا سہرا وزیر اعظم نریندر مودی کے سر جاتا ہے۔

۴۔ریاستی وزیر جوپلی کرشنا راؤ کہا ہے کہ ریاستی حکومت خواتین کی فلاح و بہبود کوانتہائی ترجیح دے رہی ہے اورخواتین کو بااختیار بنانے کے لیےکئی منصوبے نافذ کررہی ہے۔

## Governor

ریاست کے گورنر جشنو دیو ورما نے کہا ہے کہ یوگا، سوچھ بھارت جیسے موضوعات کوعوامی تحریکوں میں تبدیل کرنے اور پالیسی فیصلوں کوقومی و بین الاقوامی سطح پرشناخت دلانے کا سہرا وزیر اعظم نریندر مودی کے سر جاتا ہے۔ گورنر نے آج صبح حیدرآباد کے ایل بی اسٹیڈیم میں پی ایم سنسد کھیل مہوتسو26-2025 کا باضابطہ افتتاح کیا۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے گورنر نے خوشی کا اظہار کیا کہ وزیر اعظم کے دوراندیش ویژن کے تحت بھارت کوایک اسپورٹس پاور کے طور پر تیار کیا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ کھیل خود اعتمادی اور خودداری میں اضافہ کرتے ہیں اور ہمارے کھلاڑیوں کی صلاحیتوں کو عالمی سطح پر اجاگر کررہے ہیں۔

مرکزی وزیر برائے کوئلہ کانکنی کشن ریڈی نے کہا کہ نریندر مودی کی قیادت میں کھیلوں کا شعبہ عالمی سطح پر وسعت اختیار کررہاہےاور وزیر اعظم کھلاڑیوں کی بھرپور حوصلہ افزائی کررہے ہیں۔انہوں نے وزیر اعظم کی

جانب سے کھیلوں کے فروغ کے لیے کیے گئے اقدامات کو سراہا۔ پندرہ دن تک جاری رہنے والے اس کھیل مہوتسو میں کبڈی، کھوکھو، کرکٹ سمیت دیگر کھیلوں کے مقابلے منعقد ہوں گے، جن میں خواتین، خصوصی صلاحیتوں کے حامل افراد، صحافی اور دیگر شرکاء حصہ لیں گے۔ اس تقریب میں بیڈمنٹن کے معروف کھلاڑی پی گوپی چند، سائنا نہوال، کرکٹ کھلاڑی درِتی کیسری، دیانند ڈیوڈ اور دیگر معزز شخصیات نے شرکت کی۔ اس سے قبل گورنر اور مرکزی وزیر نے سابق وزیر اعظم آنجہانی اٹل بہاری واجپائی کے مجسمہ پر پھولوں کی مالا چڑھا کر خراجِ عقیدت پیش کیا۔

## Beti Bachao Beti Padhao

بیٹی بچاؤ، بیٹی پڑھاؤ منصوبے کو نافذ ہوئے آج 11 برس مکمل ہو گئے ہیں۔ اس موقع پر وزیر اعظم نریندر مودی نے سوشل میڈیا کے ذریعے ردِعمل ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستان میں بیٹیوں کو لکشمی دیوی کی طرح سمجھا جاتا ہے اور آج وہ مختلف شعبوں میں نئی تاریخ رقم کر رہی ہیں جو خوشی کی بات ہے۔ وزیر اعظم نے صنفی امتیاز کے خاتمے کے مقصد سے 22 جنوری 2015 کو ہریانہ کے پانی پت میں اس منصوبے کا آغاز کیا تھا۔ بچیوں کو بااختیار بنانے کے لیے سرکاری اداروں، سول سوسائٹی اور ذرائع ابلاغ نے اس منصوبے کی کامیابی میں بھرپور تعاون کیا ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق 15-2014 میں لڑکیوں کی پیدائش کا تناسب 918 تھا، جو اب بڑھ کر 930 تک پہنچ گیا ہے۔

## Jupally

ریاستی حکومت خواتین کی فلاح و بہبود کو انتہائی ترجیح دے رہی ہے اور خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے کئی منصوبے نافذ کر رہی ہے۔ یہ بات سیاحت کے وزیر جوپلی کرشنا راؤ نے کہی۔ انہوں نے کہا کہ خواتین تنظیموں کو بغیر سود کے قرضے فراہم کرنے سے ان کی معاشی حالت بہتر ہو رہی ہے۔ آج انہوں نے ناگر کرنول ضلع کے کولہا پور میں سیلف ہلپ گروپس سے وابستہ خواتین کو بغیر سود کے قرضے تقسیم کیے۔ اس موقع پر وزیر نے 153 سیلف ہلپ گروپس کو 47 لاکھ 15 ہزار روپے کے چیکس حوالے کیے۔ ساتھ ہی 10 ہزار

خواتین میں اندراماں ساڑیاں تقسیم کی گئیں۔ ریاستی وزیر نے سی ایس آر فنڈس سے جدید لائبریری کا افتتاح بھی کیا۔

Road Safety - Sirisilla

راجنہ سرسلہ ضلع کے ویمولا واڑہ میونسپل حدود میں واقع تِپّا پور میں روڈ سیفٹی سے متعلق ایک آ گاہی پروگرام محکمہ ٹرانسپورٹ کی جانب سے منعقد کیا گیا۔ اس پروگرام میں سرکاری وِپ اور ویمولا واڑہ کے رکنِ اسمبلی آدی سرینواس، ضلع کلکٹر گریما اگروال اور ضلع ایس پی مہیش بی گیت نے شرکت کی۔ مہمانوں نے گاڑی چلانے والوں کو ہدایت دی کہ وہ ڈرائیونگ کے دوران مکمل احتیاط برتیں۔ ضلع کلکٹر نے بتایا کہ سڑک حادثات میں زخمی افراد کو ابتدائی ایک گھنٹے کے اندر اسپتال پہنچانے والوں کو راہ ویر یوجنا کے تحت 25 ہزار روپے کی مالی مدد فراہم کی جائے گی۔

Employment Guarantee

جگال کے رکن اسمبلی ڈی لکشمی کانت راؤ نے الزام لگایا ہے کہ مرکزی حکومت دیہی معیشت کے نظام کیلئے اہمیت کی حامل ضامن روزگار اسکیم کو کمزور کرنے کی کوشش کر رہی ہے اور اسی کے حصہ کے طور پر اس نے مہاتما گاندھی کا نام ہٹادیا ہے۔ کاماریڈی میں آج منعقدہ ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اب تک اس اسکیم کے تحت مرکزی حکومت غیر منظّم شعبہ کے مزدوروں کی اجرتیں ادا کر رہی تھیں لیکن اب نئی اسکیم کے تحت مرکزی حکومت صرف 60 فیصد فنڈس فراہم کرے گی جبکہ باقی رقم ریاستوں کو دینی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ اس نئی اسکیم سے کم آمدنی والی ریاستوں پر خراب اثر پڑے گا۔

Punnam - Bus

وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھا کر نے کہا ہے کہ دیہی علاقوں میں خواتین کے گروپوں کو بسوں کے الاٹمنٹ کے ذریعہ ان کی معاشی حالت بہتر بنائی گئی ہے اور اسی طرح شہری علاقوں میں بھی خواتین کے گروپوں کو بسیں الاٹ کی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ گریٹر حیدرآباد میونسپل کارپوریشن کے حدود میں خواتین کے اپنی مدد

آپ گروپوں کو جلد ہی الکٹرک بسیں دی جائیں گی۔ پہلے مرحلہ میں چالیس تا پچاس گروپوں کو بسیں دی جائیں گی۔شہر میں اس وقت 73 ہزار اپنی مدد آپ گروپ موجود ہیں۔انہوں نے متعلقہ عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ اس تعداد کو ایک لاکھ تک بڑھانے کیلئے اقدامات کریں۔

KTR - District

بی آر ایس کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے الزام لگایا ہے کہ حکومت ریاست میں اضلاع کی تنظیم نو کے نام پر غیر یقینی کی صورتحال پیدا کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ سرسلہ کو ضلع کا درجہ برخواست کرنے کی سازش میں چیف منسٹر ملوث ہیں۔انہوں نے آج سرسلہ میں کہا کہ سرپنچوں کے انتخابات میں مخالفت کا سامنا کرنے کے بعد حکومت بلدی انتخابات کے انعقاد سے خوفزدہ ہے۔

Road Safety Kothagudem

بھدرادری کوتہ گوڑم میں آج روڈ سیفٹی پر ایک بیداری پروگرام منعقد کیا گیا۔رکن اسمبلی کونم نینی سامبا شیوا راؤ نے کہا کہ ہرشہری کو ٹرافک قوانین کا پابند ہونا چاہئے۔

Sound Byte.

FIR Nalgonda

مکانات کی دہلیز پر ایف آئی آر درج کرنے کا پروگرام آج سوریہ پیٹ ضلع میں شروع ہوا۔وہ متاثرہ شہری جو پولیس اسٹیشن آنے سے قاصر ہیں ان کیلئے گھر پر ہی ایف آئی آر درج کرنے کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔ ایف آئی آر ایٹ ڈور اسٹیپ پروگرام کے تحت نڑی گوڑم منڈل کے تلابیلی گاؤں میں پولیس نے معذورین سے شکایتیں حاصل کرتے ہوئے ایک مقدمہ درج کیا۔

Governor Visit

گورنر جشنو دیو ورما کل سوریہ پیٹ ضلع کا دورہ کریں گے۔ وہ حضور نگر حلقہ میں میٹا پلی سری لکشمی نرسمہا سوامی مندر میں پوجا کریں گے۔ وہ مندر کی نئی عمارت اور حلقہ میں گورنمنٹ اگریکلچر کالج اور کوداڑ میں جواہر نو ودیا

اسکول کا سنگ بنیاد رکھیں گے۔کلکٹر تیجس نندلال پوار نے بتایا کہ گورنمٹ پلی میں عہدیداروں کے ساتھ جائزہ اجلاس منعقد کریں گے۔

Kishan Reddy

مرکزی وزیر کوئلہ و کانکنی کشن ریڈی نے الزام لگایا ہے کہ ریاستی حکومت کی پالیسیوں کی وجہ سے سنگارینی کمپنی نقصانات سے دوچار ہورہی ہے اور کانوں کی نیلامی میں غیر یقینی صورتحال پیدا ہورہی ہے۔انہوں نے آج میڈیا نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ اگر ریاستی حکومت کوئلہ کے کانوں کی نیلامی نہیں کرسکتی تو مرکزی حکومت یہ کام کرے گی۔انہوں نے کہا کہ کوئلہ کی کانوں کی نیلامی کے سلسلہ میں ان کی وزارت نے دو رکنی کمیٹی تشکیل دی ہے۔انہوں نے کہا کہ اس کمیٹی کی رپورٹ کی بنیاد پر آئندہ کا لائحہ عمل طئے کیا جائے گا۔ کشن ریڈی نے کہا کہ گزشتہ بی آر ایس حکومت کے دور میں سنگارینی کے قرضوں میں 32 ہزار کروڑ روپے کا اضافہ ہوا اور حکومت ملازمین کو 47 ہزار کروڑ روپے واجب الادا ہے۔انہوں نے الزام لگایا کہ فون ٹیپنگ معاملہ میں ریاستی حکومت پس وپیش سے کام لے رہی ہے۔

PRAGATI - SPECIAL STORY

فعال حکمرانی اور بروقت عمل درآمد کے لیے وزیر اعظم کے فلیگ شپ پلیٹ فارم پرگتی نے اپنی پچاسویں میٹنگ کے کامیاب انعقاد کے ساتھ ایک اہم سنگِ میل عبور کرلیا ہے۔

سال 2015 میں وزیر اعظم نریندر مودی کے آغاز کردہ اس پلیٹ فارم نے حکمرانی کے نظام میں نمایاں تبدیلی لائی ہے۔ پرگتی کے ذریعہ اہم بنیادی ڈھانچہ کے منصوبوں اور عوامی شکایات کی براہِ راست وزیر اعظم سطح پر نگرانی اور فوری حل ممکن ہوا ہے۔ یہ پلیٹ فارم تعاون پر مبنی وفاقیت کی ایک شاندار مثال ہے جو مرکز، ریاستوں اور مرکزی وزارتوں کو ایک ہی ڈیجیٹل پلیٹ فارم پر یکجا کرتا ہے۔

گزشتہ ایک دہائی کے دوران، پراگتی نے فیصلہ سازی میں تیزی، اہم منصوبوں میں تاخیر کی وجوہات کے حل اور جوابدہی کے مضبوط کلچر کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

آج اس خصوصی سلسلہ میں ہم احمد آباد میٹرو ریل پروجیکٹ پر نظر ڈال رہے ہیں۔ایک رپورٹ:

احمد آباد میٹرو ریل پروجیکٹ فیز۔اوَن، گجرات کے سب سے بڑے شہری خطے کے لیے پائیدار شہری نقل و حمل کی سمت ایک انقلابی قدم ہے۔ یہ منصوبہ وزارتِ ہاؤسنگ اور شہری امور کے تحت نافذ کیا جارہا ہے۔ اس کی مجموعی لمبائی 40.03 کلومیٹر ہے، جبکہ اس کی منظور شدہ لاگت 12 ہزار 924 کروڑ 50 لاکھ روپے ہے۔اس منصوبے کا پہلی مرتبہ پراگتی میکانزم کے تحت جائزہ 25 اپریل 2018 کو لیا گیا، جب منصوبہ ابتدائی مرحلے میں تھا اور تقریباً 25 فیصد جسمانی پیش رفت ہو چکی تھی۔ وزیرِ اعظم نریندر مودی کی واضح ہدایات اور مسلسل نگرانی کے نتیجے میں مختلف محکموں کے درمیان تال میل مضبوط ہوا، جس سے زمین کے حصول، باز آبادکاری، یوٹیلیٹی منتقلی اور بیرونی مالی وسائل کے انتظام پر مرکوز کارروائی ممکن ہوسکی۔

23 دسمبر 2020 کو ہونے والے پراگتی جائزے تک منصوبے کی جسمانی پیش رفت تقریباً 62 فیصد تک پہنچ چکی تھی، جو بہتر بین المحکماتی ہم آہنگی اور زمین، باز آبادکاری، مالیات اور یوٹیلیٹی منتقلی سے متعلق مسائل کے حل کا نتیجہ تھی۔اس جائزے کے بعد گجرات حکومت نے زمین کی حوالگی اور باز آبادکاری کے عمل میں مزید تیزی لائی۔ پراگتی سطح کی مسلسل نگرانی کے ساتھ، فیز۔اوَن کا بیشتر حصہ، جس میں بلیو لائن اور ریڈ لائن شامل ہیں، 30 ستمبر 2022 کو وزیرِ اعظم کے ہاتھوں افتتاح کیا گیا اور اکتوبر 2022 کے اوائل میں عوامی خدمات کے لیے کھول دیا گیا۔ بعد ازاں باقی ماندہ حصے بھی مکمل کر لیے گئے، جس کے نتیجے میں احمد آباد میٹرو فیز۔اوَن کا پورا نیٹ ورک مکمل طور پر فعال ہو گیا۔

OO